**IESCO PRESS RELEASE** آئیسکوپریس ریلیز

Public Relation Section

**Email: pr@iesco.com.pk Ph/Fax: 051-9252889 Exchange: 051-9252937-9(Ext:321)**

## اپنا میٹر اپنی ریڈنگ موبائل ایپ حکومت پاکستان کا صارف دوست اقدام ہے

## میٹر ریڈنگ کا حصہ بننے کے لئے صارفین موبائل ایپلیکیشن کو ضرور ڈاؤن لوڈ کریں

## چیف ایگزیکٹو آفیسر آئیسکو انجینئر چوہدری خالد محمود

**17 نومبر 2025**

انجینئر چوہدری خالد محمود چیف ایگزیکٹو آئیسکو نے موبائل ایپلی کیشن اپنا میٹر اپنی ریڈنگ کے حوالے سے کہا ہے کہ حکومت پاکستان اور وزارت توانائی کا صارف دوست پالیسوں کے اجراء کا سفر جاری ہے اور اس کسٹمر فرینڈلی موبائل ایپ کے ذریعے صارفین کو بلنگ سرکل کا حصہ بنایا گیا ہے جس کے تحت آئیسکو کے معزز صارفین مقررہ تاریخ کو اپنی میٹر ریڈنگ خود لے کر متعلقہ ایس ڈی او دفاتر کو بھیج سکتے ہیں جس سے بلنگ کے نظام میں مزید شفافیت کو فروغ ملے گا۔انہوں نے کہا کے موبائل ایپلی کیشن اپنا میٹر اپنی ریڈنگ کو صارفین کی جانب سے ڈاؤن لوڈ کرنے کا سلسلہ تیزی سے جاری ہے جو کہ اس امر کا ثبوت ہے کہ صارفین اس ایپ کے فوائد سے مستفید ہو رہے ہیں۔انجینئر چوہدری خالد محمود نے آئیسکو کے تمام فیلڈ افسران و سٹاف کو ہدایات جاری کیں کے وہ معزز صارفین کو اس موبائل ایپلیکیشن کے ڈاؤن لوڈ کے طریقے اس کے استعمال اور اس کے فوائد کے بارے میں آگاہی فراہم کریں۔انہوں نے صارفین سے کہا کے وہ پلے سٹور اور ایپل سٹور سے اپنا میٹر اپنی ریڈنگ موبائل ایپلیکیشن کو ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔مزید آئیسکو کے سوشل میڈیا پیج پر بھی صارفین کیلئے بھرپور آگاہی مہم چلائی جا رہی ہے۔